# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 07:40 /PM

**Date: 31 July 2026**

آداب......

یہ آکاشس وانی سرینگر ہے......

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

✓ ۱ ----- پیدائش اور اموات سے متعلق ترمیمی بل لوک سبھا میں منظور۔

✓ ۲ ----- وزیر اعظم نے امتحانات سے متعلق ترمیمی بِل کو پارلیمنٹ میں پاس کئے جانے پر کیا اطمینان کا اظہار۔

✓ ۳ ----- **21** ویں صدی کثیر شعبوں کا علم رکھنے والے نوجوانوں کی ہوگی / لیفٹیننٹ گورنر

اور

✓ ۴ ----- امام بارگاہ زڈی بل اور پرُ منڈل سانبا کی تجدید کاری کیلئے **13** کروڑ **75** لاکھ روپے کے منصوبوں کو سرکاری کی منظوری۔

..................

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج اس وقت متاثر ہوئی جب حزب اختلاف کے ممبران نے نیٹ پیپر لیک معاملے پر احتجاج کے دوران دلی میں پولیس کی مبینہ زیادتیوں پر شور وغل کیا۔ حزب اختلاف کے ممبران دیگر کئی معاملات پر بھی احتجاج کررہے تھے۔ دوپہر بارہ بجے تک ملتوی کئے جانے کے بعد جب لوک سبھا کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو ایوان نے جموں وکشمیر تنظیمِ نو بِل **2025**، آئین کی **113** ویں ترمیمی بِل اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی حکومتوں سے متعلق ترمیمی بِل **2025** پر مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کیلئے مقررہ وقت میں توسیع کو منظوری دی۔ اس دوران ایوان میں تولد اور اموات کی رجسٹریشن سے متعلق ترمیمی بِل پیش کی گئی جس کو حزب اختلاف کے شوروغل کے باوجود بغیر کسی بحث کے پاس کیا گیا۔ بعد میں ایوان کی کارروائی کو پورے دن کیلئے ملتوی کیا گیا۔ راجیہ سبھا کی کارروائی بھی ایسی ہی صورتحال کے نتیجے میں پورے دن کیلئے ملتوی کردی گئی۔

..................

پی ایم امتحان

اس دوران وزیراعظم نریندر مودی نے پارلیمنٹ میں پبلک ایگزامینیشنز ترمیمی بل کو منظور کئے جانے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ پچھلی کئی دہائیوں سے مرکزی سرکار اور ہر ایک ریاستی حکومت نے پیپر لیکس کا سامنا کیا ہے اور اس سے طلباء کو نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ساری صورتحال مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم اور امتحانات کے نظام میں اصلاحات وقت کی ضرورت ہے۔

-----**V/o**--------

..................

ست شرما

پردیش بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج راجیہ سبھا میں زرعی سیکٹر کے کام گاروں کی اُجرتوں کا معاملہ اٹھایا۔ انہوں نے مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ کاشتکاری سے وابستہ کامگاروں کی اُجرتوں میں اضافہ کیا جانا چاہیئے۔

..................

ایل جی
لیفٹینینٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ 21 ویں صدی اُن نوجوانوں کی ہوگی جو مختلف شعبوں کا علم یکجا کر کے پیچیدہ مسائل کے جدید حل دریافت کرسکیں۔ایل جی آج لوک بھون جموں میں کلسٹر یونیورسٹی جموں کے ''اپنی ڈگری خود ڈیزائن کریں''۔پروگرام اور دیگر تعلیمی اقدامات کے آغاز کے بعد منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ آج دنیا کو ایسے کثیر شعبوں پر سوچنے والے لوگوں کی ضرورت ہے جو کسی ایک مضمون تک محدود نہ ہوں۔منوج سنہا نے کہا کہ مستقبل اُن لوگوں کا ہے جو امکانات کو پہچانتے ہوں اور یہ اقدام طلباء کو اپنی تعلیمی راہ خود بنانے کا اختیار دیتا ہے۔

..................

ایل جی طالب علم
اس دوران ''دی ایشین اسکول جموں'' کے طالب علموں نے آج لوک بھون جموں میں لیفٹینینٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کی۔ایل جی نے طالب علموں کے مستقبل کی خوشحالی کیلئے اُن کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

..................

منصوبے منظور
جموں وکشمیر سرکار نے سرینگر کے زڈی بل علاقے میں واقع تاریخی امام بارگاہ اور جموں صوبے کے سانبا ضلعے میں ثقافتی مقام پُرمنڈل کی تجدید کاری کیلئے کُل 13 کروڑ 75 لاکھ روپے کی رقم منظور کی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اس بات کی جانکاری دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ کے دفتر نے کہا ہے کہ امام بارگاہ زڈی بل کی تجدید پر 6 کروڑ 59 لاکھ روپے کی رقم خرچ کی جائے گی۔پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ اس فیصلے سے جموں وکشمیر میں مذہبی اور ثقافتی مقامات کو تحفظ فراہم کرنے کے سرکار کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

..................

سی ایم ملاقات
ممبر اسمبلی کنگن میاں مہر علی اور ایم ایل اے کرناہ جاوید احمد مرچال نے آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے اپنے حلقے کی ترقیاتی ضروریات اور لوگوں کے مطالبات اُن کی نوٹس میں لائے۔اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے لوگوں کے جائز مطالبات اور ترقیاتی ترجیحات پورا کرنے کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ سرکار ہر حلقے کی یکساں ترقی کی وعدہ بند ہے۔

..................

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے جموں وکشمیر کے صنعت کاروں اور کارخانہ داروں سے کہا ہے کہ وہ مقامی نوجوانوں کیلئے روزگار کے وسائل پیدا کرنے کی خاطر سکل ڈیولپمنٹ اور پلیس منٹ کیمپس کا انعقاد کریں ۔نائب وزیر اعلیٰ نے آج کٹھوعہ ضلع میں بھگتھالی انڈیسٹریل ایسٹیٹ کا دورہ کرکے وہاں انسدادِ سیلاب کے منصوبوں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوں نے یہ پروجیکٹ وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

..................

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج ایک میٹنگ کے دوران حلقہ انتخاب زڈی بل کے جل شکتی محکمہ کے تحت جاری مختلف اسکیموں اور پروجیکٹوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔میٹنگ میں حلقے کے ممبر اسمبلی تنویر صادق کے علاوہ جل شکتی محکمہ کے سینئر افسران بھی موجود تھے ۔وزیر نے افسران کو ہدایت دی کہ ایم ایل اے موصوف کی جانب سے اُٹھائے گئے حلقے میں فوری توجہ کی حامل اسکیموں اور پروجیکٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر معیاد بند صورت میں مکمل کریں تا کہ عوامی مسائل کا ازالہ ہو سکے ۔

..................

جاوید ولو

حکومت نے بیدوں کے درختوں کے احیائے نو کیلئے ایک نقش راہ مرتب کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے ۔تا کہ **Willow** ورکس کی پیداوار کی عظمت رفتہ بحال کی جاسکے ۔اس سلسلے میں جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے محکمہ جنگلات و ماحولیات کو ہدایت دی ہے کہ پوری وادیٔ میں **willow cultivation** کو ایک مربوط مہم کے تحت شروع کیا جائے تا کہ عمارتی لکڑی کے ساتھ ساتھ کرکٹ **Bats** کی صنعت کو فروغ دینے میں مدد مل سکے ۔ان باتوں کا اظہار وزیر نے سرینگر میں محکمہ جنگلات کی ایک میٹنگ کے دوران کیا، جس میں چیف کنزرویٹر فارسٹس کے علاوہ محکمہ کے کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

..................

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپیلی کیشن

News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

..................

کابینہ فیصلے

مرکزی کابینہ نے ملک میں پردھان منتری سوریہ سروور یوجنا کی عمل آوری کو منظوری دی ہے۔ نئی دلی میں کابینہ میٹنگ کے بعد اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے ایک پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ یوجنا کا مقصد توانائی کی بچت کے نظام کے ساتھ فلوٹنگ سولر **Photovoltaic** پروجیکٹوں کو فروغ دینا ہے۔ یہ اسکیم اگلے پانچ برس تک عملائی جائے گی اور اس کے لئے **50** ارب **70** کروڑ روپے کی رقم منظور کی گئی ہے۔

کابینہ نے ملک میں کھیلو انڈیا اسکیم کو وسعت دینے کا منصوبہ بھی منظور کیا ہے، جس کے لئے **36** ہزار **441** کروڑ روپے کا خاکہ ترتیب دیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ پی ایم کسان کو وسعت دینے کیلئے **31** کھرب **56** ارب **14** کروڑ روپے اور **Samudra** منتھن کی عمل آوری کیلئے **8** کھرب **40** ارب **84** کروڑ روپے کے منصوبوں کو بھی منظوری دی گئی۔

..................

سیب

جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع میں جبلی پورہ بجبہاڑہ کی میوہ منڈی میں آج کل کافی گہماگہمی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ منڈی میں سیب کے ''گالا'' قسم کی پہلی کھیپ پہنچ گئی ہے اور یہ سیب اچھی قیمتوں پر فروخت ہورہے ہیں۔ اننت ناگ سے ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

-----**Report**-----

..................

فلم فیسٹیول

جموں وکشمیر میں منعقد ہونے والے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹیول **IFFJK** میں شرکت اور فلموں کے اندراج کیلئے آخری تاریخ کل یعنی یکم اگست تک بڑھادی گئی ہے۔فلمیں کل رات **12** بجے سے پہلے پہلے داخل کی جاسکتی ہے۔ میلے کیلئے اب تک **50** مما لک سے **9** سو سے زیادہ فلمیں موصول ہوئی ہیں۔قابل ذکر ہے کہ **IFFJK** سات سے **10** ستمبر تک سرینگر میں منعقد ہوگا۔

..................

این ایس ڈی

آکاشوانی سے ہر شام **6** بجکر **25** منٹ پر نشر ہونے والے کشمیری خبروں کے قومی بلیٹن کے نشریے کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یہ بلیٹن اب **4** اگست منگوار سے ہر دن شام **6** بجکر **15** منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

..................

خطوط نویسی

محکمہ ڈاک قومی سطح کے خطوط نویسی مقابلے کا انعقاد کررہا ہے۔''ڈھائی آکھر خطوط نویسی مہم **2026**'' کے تحت یہ مقابلہ کل یعنی یکم اگست سے شروع ہوگا اور اکتوبر کی **31** تاریخ تک جاری رہے گا۔اس برس خطوط نویسی کے مقابلے کا موضوع۔ **A letter to mother earth: My promise to protect nature** رکھا گیا ہے۔

..................

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی کیلئے اُن کی جماعت جدو جہد جاری رکھے گی۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس نے ہمیشہ یہاں کے عوام کے مفاد میں کام کیا ہے۔

اس دوران پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر شوکت احمد میر نے کہا ہے کہ یوٹی میں سبھی قبائیلی طبقوں کی بہبودی کیلئے عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار نے بامعنیٰ اقدامات کئے ہیں۔

..................

بی جے پی

سینئر بی جے پی لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے ملک کی خلائی ٹیکنالوجی کے فروغ اور دفاعی سازوسامان کو تیار کئے جانے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک ہر شعبے میں ترقی کر رہا ہے۔اس دوران بی جے پی جموں وکشمیر نے پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔جموں میں ایک پریس کانفرنس کے دوران پارٹی کے پردیش ترجمان ڈاکٹر طاہر چودھری نے عام شہریوں کو تشدد کا نشانہ بنانے پر پاکستانی حکومت کی نکتہ چینی کی۔

..................

فورسز کارروائی

سکیورٹی فورسز نے انسداد دہشت گردی کے سلسلے میں اپنی کارروائی کے دوران ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے راجوری ضلع کے **Thanna Mandi** سب ڈویژن کے **Bhangai** جنگلات میں دہشت پسندوں کے ایک ٹھکانے کا پتہ لگا کر اسے تباہ کر دیا ہے۔ایک مصدقہ اطلاع کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران سکیورٹی اہلکاروں نے علاقے کا محاصرہ کیا۔جس کے بعد جنگل میں دہشت پسندوں کے ایک ٹھکانے کا پتہ لگایا گیا۔

..................

منشیات

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے اننت ناگ میں محمد عرفان خان نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔مذکورہ شخص نئی دلی کا رہنے والا ہے اور آج کل اونتی پورہ میں عارضی طور رہائش پزیر ہے۔اس کے قبضے سے براون شوگر کی کچھ مقدار برآمد کی گئی ہے۔

..................

منشی پریم چند خراج

لوک سبھا سپیکر اوم برلا، وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے بھارتی ادب کی معروف شخصیت اور افسانہ نگار منشی پریم چند کو اُن کے جنم دن پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ منشی پریم چند نے اپنی کہانیوں اور تخلیقات کے ذریعے بھارت کے ہر طبقے کی آواز کو اُجاگر کیا ہے۔

..................

شہیدی دیوس

وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے شہید ادھم سنگھ کو ان کے شہیدی دیوس پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ ملک کے دفاع کے لئے دی جانی والی ان کی قربانی کو نئی نسل ہمیشہ یاد رکھے گی۔

..................

پی ایم دورہ

وزیراعظم نریندر مودی کل آندھرا پردیش اور کرناٹکا کے دورے پر رہیں گے۔ وہ آندھرا پردیش کے بھوگا پورم میں اَلّوری سیتارام راجو بین الاقوامی ہوائی اڈے کا افتتاح کریں گے۔ اس ہوائی اڈے کی تعمیر پر 5 ہزار 640 کروڑ روپے کی رقم خرچ کی گئی ہے۔ وزیراعظم دیگر کئی پروجیکٹوں کا بھی افتتاح کرنے کے علاوہ کئی ایک کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔

..................

مبارک باد

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے گلاسگو میں جاری دولت مشترکہ کھیل مقابلوں میں میڈل جیتنے پر سیما کالی رمنا اور لو پریت سنگھ کو مبارکباد دی ہے۔ سیما کالی رمنا نے ڈسکس تھرو مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیت لیا جبکہ لو پریت سنگھ نے ویٹ لفٹنگ کے مقابلے میں چاندی کا میڈل حاصل کیا ہے۔

..................

فٹ بال میچ

فیفا ورلڈ کپ مقابلوں میں پانچ بار ٹائیٹل جیتنے والی ٹیم برازیل بھارت کے ساتھ ایک دوستانہ بین الاقوامی فٹبال میچ کھیلے گی۔ اس بات کا اعلان آل انڈیا فٹبال فیڈریشن نے کیا ہے۔ فیڈریشن کے مطابق یہ میچ اس برس 3 اکتوبر کو کولکتہ کے سالٹ لیک اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

..................

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **28** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19.4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24.8** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **42** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **32** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔

..................